#bepartofthesolution

# ہیمپشائر اور آئل آف وائٹ میں لعاب کی ٹیسٹنگ کا پروگرام

## پروگرام میں خوش آمدید



نوجوانوں کا اسکول جانا ان کی خیر و عافیت اور تعلیم کے لیے بہت ضروری ہے۔ بڑوں کو ویکسین کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، اور اس دوران معمول کی زندگی کی بحالی کے لیے نوجوانوں کو اسکولوں میں وائرس کے پھیلاؤ سے بچانے کے لیے ہر ممکنہ کوشش اتنی ہی ضروری ہے۔ اسی لیے ہمیں آپ کے اسکول یا کالج کا اپنا پروگرام میں خیرمقدم کرنے میں بہت خوشی محسوس ہورہی ہے، جس میں تعلیمی ماحول میں باقاعدہ لعاب کی ٹیسٹنگ شامل ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہدایات پر عمل کرنے کے ساتھ، آپ کے نوجوان اپنی کمیونٹی کو بہتر تحفظ کی فراہمی اور مثبت کیسز کی نشاندہی کی صورت میں اپنے اسکولوں کو بہتر فیصلے لینے کے سلسلے میں معاونت فراہم کریں گے۔ اس پروگرام میں استعمال ہونے والا لعاب کا LAMP کا ٹیسٹ لیٹرل فلو کی ٹیسٹنگ سے مختلف ہے، جس کے متعلق آپ نے سنا ہوگا۔

لعاب کا ٹیسٹ ایک معمولی نوعیت کا ٹیسٹ ہے، جس میں لیٹرل فلو کی ٹیسٹنگ کے خود سوابنگ کے برعکس، طلباء گھر پر ایک ڈبے میں لعاب کا نمونہ فراہم کرتے ہیں، جس کے بعد اس نمونے کو ان کے اسکول یا کالج لے جایا جاتا ہے اور پھر ایک لیبارٹری کو ٹیسٹنگ کے لیے بھیجا جاتا ہے۔ نوجوانوں کو اپنے نمونے فراہم کرنے میں مدد کرنے کے لیے، اسباق اور وسائل کا ایک سلسلہ تیار کیا گیا ہے، جسے اسکولوں میں پیش کیا جائے گا، اور ہم امید کرتے ہیں کہ ان کے ذریعے مجموعی عوامی صحت کے پیغامات اور ٹیسٹنگ پروگرام کے متعلق سمجھ بوجھ میں اضافہ ہوگا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اس سے نوجوان شرکت کنندگان میں لعاب کی ٹیسٹنگ کے پروگرام کو ممکن بنانے والے سائنس اور پیشوں کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کا جذبہ بھی پیدا ہوگا۔ آپ کی معاونت کا شکریہ، اور ہمیں آپ کے ساتھ کام کرنے میں خوشی ہوگی!

## یہ کس طرح کام کرتا ہے

- آپ کا اسکول/کالج ٹیسٹنگ کے لیے سائن اپ کرتا ہے
- طلباء کی ٹیسٹنگ کے متعلق سمجھ بوجھ میں اضافے کے لیے وقف اسباق پڑھائے جاتے ہیں
- طلباء کو گھر پر لعاب کے نمونے کی فراہمی کے لیے ٹیسٹنگ کا کٹ دیا جاتا ہے
- نمونوں کو اسکول/کالج لایا جائے گا اور جمع کرنے کے ڈبے میں ڈالا جائے گا
- نمونے کو لیبارٹری لے جایا جائے گا اور نتائج 24-48 گھنٹوں کے اندر بذریعہ ٹیکسٹ پیغام ارسال کیا جائے گا
- مثبت نتیجے کی صورت میں آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر کال موصول ہوگی اور NHS ٹیسٹ اینڈ ٹریس کے ساتھ نتیجہ شیئر کیا جائے گا

## اسکول کا نظریہ



جن لوگوں کی بات سننا سب سے زیادہ ضروری ہے، وہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے پہلے حصہ لیا ہو - بیری کٹی، کینٹل اسکول کے ہیڈ ٹیچر کو اس ویڈیو میں پروگرام کے تجربے کے متعلق یہاں بات کرتے ہوئے سنیے۔

کینٹل اسکول کے طلباء کو اس پروگرام میں شرکت کے تجربے کے متعلق اس ویڈیو میں بات کرتے ہوئے سنیے۔

## آگے کیا ہوگا

آپ کے اسکول کی رجسٹریشن کے بعد، کام کی ذمہ داری ہماری ہے۔ ٹیسٹ کے دوران شرکت کنندہ کے لیے ڈبے میں لعاب کا نمونہ حاصل کرکے اسے ٹیسٹنگ کے لیے اسکول لانا ضروری ہے۔ آپ کو صرف اپنے بچے کو مقرر کردہ روز اس کے متعلق یاد دلانا ہوگا۔ فکر نہ کریں، ہم بھی یاد دہانیاں ارسال کریں گے!

اگر آپ پروگرام کے متعلق ایسے سوالات پوچھنا چاہتے ہیں جن کے جواب آپ کو موصول ہونے والے پیک میں نہ ہوں تو براہ مہربانی نیچے موجود (مزید معلومات) کے حصے سے رجوع کیجیے۔

## مزید معلومات

آپ کے اسکول/کالج سے موصول ہونے والی معلومات کے علاوہ، ایسی کئی جگہیں ہیں جہاں سے آپ کو پراجیکٹ کے متعلق مزید معلومات مل سکتی ہے، ان میں سے کچھ درج ذیل ہیں:

- یہاں ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کیجیے
- پروگرام کے پائلٹ کے متعلق مزید معلومات یہاں سے حاصل کیجیے
- لعاب کے ٹیسٹ لینے کا طریقہ جاننے کے لیے یہاں ایک اینیمیشن دیکھیے
- یہاں پروگرام کی عملیات کے متعلق بی بی سی رپورٹ دیکھیے

## اب تک کے نتائج

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ اس قسم کی ٹیسٹنگ موثر ہے اور اسکولوں میں کام کرتی ہے، اس پروگرام کو ساؤتھمپٹن میں متعدد پرائمری اور سیکنڈری اداروں میں آزمائشی طور پر متعارف کیا گیا تھا۔ اس پروگرام سے حاصل کردہ نتائج کا سنیپ شاٹ درج ذیل ہے۔ ڈیٹا ستمبر تا دسمبر 2020 کے درمیان حاصل کیا گیا۔

**97%** ٹیسٹ نتائج 24 گھنٹوں میں موصول ہوئے

**95%** ٹیسٹ نتائج 12 گھنٹوں میں موصول ہوئے

**2,284** اسکول کے عملے اور طلباء نے رجسٹر کیا

**2,043** کم از کم 1 نمونہ فراہم کیا

**90%** شرکت کی شرح

ٹیسٹنگ کی میعاد کے دوران چاروں اسکولوں میں حاضری کی شرح 94 فیصد سے زیادہ رہی

قومی سطح پر حاضری کی شرح 87 فیصد رہی

اس پروگرام کے ڈیٹا سے اس بات کی تصدیق ہوئی کہ RT-LAMP کا ٹیسٹ درج ذیل ہے:

**100** فیصد مخصوص

10.000 افراد کی ٹیسٹنگ سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ ٹیسٹ اس صورت میں مثبت نہیں ہوتا اگر کوئی شخص وائرس کا شکار نہ ہو. لعاب کے LAMP ٹیسٹ میں غلط منفی نتائج (یعنی وائرس کا شکار ہونے کی صورت میں منفی نتیجہ) بہت کم سامنے آتا ہے.